علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مغربی تہذیب وافکار تاریخی تناظر میں (4610) — **سمسٹر: بہار، 2026**

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ مغربیت کے ناقدین کے افکار پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مذہب و دین کے بارے میں مغربی مفکرین کی آراء بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ انسان اور کائنات کے بارے میں مغربی تعلیم کی فکر کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ گلوبلائزیشن اور لوکلائزیشن کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اسلام سے قبل رومی اور یونانی تہذیبیں کن کن بنیادوں پر استوار تھیں؟ مفصل تحریر کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ مغربی فکر میں تصور آزادی اور اس کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ استشراق کے آغاز پر نوٹ لکھیں، نیز مستشرقین کے مقاصد کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ عہد جدید میں مغرب نے جو نئی اصطلاحات وضع کی ہیں، ان کے مقاصد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ علامہ اقبال کی مغرب پر تنقید کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مادیت کے فلسفہ اور اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)